12528 ـ خاوند سے وعدہ کر لیا کہ وہ اس کے بعد کسی سے شادی نہیں کرے گی !!

سوال

ایك عورت نے خاوند سے وعدہ كیا كہ وہ اس كی وفات كے بعد كسی سے بھی شادی نہیں كرے گی، حتی كہ اللہ تعالی اپنی رحمت اور فضل سے دونوں كو جمع كردے، تو كیا وہ اس كے بعد شادی كر سكتی ہے؟
اور كیا یہ منافقوں كی صفات وعدہ نہ پورا كرنا شمار ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس عورت كے لیے خاوند كی وفات كے بعد شادی كرنا جائز ہے، اور وہ اپنی قسم كا كفارہ ادا كرے، كیونكہ رسول كریم صلی اللہ علیہ وسلم كا فرمان ہے:

" اللہ كی قسم اگر اللہ چاہے میں جو قسم بھی اٹھاتا ہوں اور پھر اس سے بہتر دیكھتا ہوں تو اپنی قسم كا كفارہ ادا كر كے وہ كام كرتا ہوں جو بہتر ہو"

صحیح بخاری حدیث نمبر (3133) صحیح مسلم حدیث نمبر (1649)

اور ایك دوسری حدیث میں رسول كریم صلی اللہ علیہ وسلم كا فرمان ہے:

" جب تم قسم اٹھاؤ تو اس كے علاوہ كوئی اور اس سے بہتر دیكھو تو اپنی قسم كا كفارہ ادا كر كے اس سے بہتر چیز پر عمل پیرا ہو جاؤ "

صحیح بخاری حدیث نمبر (2622) صحیح مسلم حدیث نمبر (1652)

اس عورت كے لیے بغیر شادی كے رہنے سے شادی كرنا زیادہ بہتر ہے، كیونكہ اس میں بہت ساری مصلحتیں ہیں.